SENATE OF PAKISTAN

قرارداد نمبر 610

ایوان بالا (سینیٹ) اسلامی جمہوریہ پاکستان

عنوان: یومِ سیاہ کشمیر، 27 اکتوبر، کے موقع پر کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت

یہ ایوان،

27 اکتوبر، 1947ء کو جموں و کشمیر میں بھارتی افواج کے داخلے، ناجائز و جبری قبضے اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتِ حال کو مسئلہ کشمیر کی تاریخ کا ایک اہم موڑ قرار دیتا ہے؛

مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جاری جدوجہد اور ان کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے؛

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مسئلہ جموں و کشمیر کے پرامن حل اور کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دینے کی اہمیت پر زور دیتا ہے؛

پاکستان کے اس اصولی مؤقف کا اعادہ کرتا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کی امنگوں اور حقِ خودارادیت کے احترام کے بغیر ممکن نہیں؛

لہٰذا یہ ایوان:

- کشمیری عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور ان کے حقِ خودارادیت کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔

- اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ مسئلہ جموں وکشمیر کے حل کے لیے اپنی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد اور کشمیری عوام کو ان کا تسلیم شدہ حقِ خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

- عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی صورتِ حال کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

- لٰہذا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے اور مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے اپنی کوششیں مزید مؤثر بنائے۔

- اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ پاکستان کا ایوان بالا کشمیری عوام کی جائز جدوجہد اور ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا۔

انجینئر امیر مقام، وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان، ریاستی وسرحدی علاقہ جات کی جانب سے اپنی اور محمد طلال بدر، وزیر مملکت برائے داخلہ وانسداد منشیات، سینیٹرز شیری رحمان، کامل علی آغا اور علی ظفر کی ایماء پر پیش کردہ قرارداد جو بروز سوموار 26 اکتوبر 2026ء کو ایوان نے متفقہ طور پر منظور کی۔